CODE : 54

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2026

OMR Serial No.

**Maximum Marks: 70** **Time: 2hrs**

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (24) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جئے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہے۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کردیں۔

☆☆☆

CODE : 54

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ تحقیق کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) سابقہ تحقیقات پر تنقید کرنا
(B) تحقیق کے نئے زاویوں کی نشاندہی کرنا
(D) جمع وترتیب انجام دینا
(D) علم کی دنیا میں کچھ اضافہ

2۔ ذیل میں سے کون سی لائبریری اسلامک اسٹڈیز کے لئے معروف ہے:

(A) جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری دہلی
(B) آصفیہ لائبریری حیدرآباد
(C) امین الدولہ لائبریری لکھنؤ
(D) سید حامد لائبریری حیدرآباد

3۔ تحقیق کے اندر اپنی فکر کو مدلل طریقے پر پیش کرنا کیا کہلاتا ہے؟

(A) اعلیٰ تحقیق
(B) قابل قبول تحقیق
(D) تحقیق کا تقاضا
(D) تحقیق کے خلاف

4۔ تحقیقی مقالہ میں حوالہ جات کس جگہ درج کرنا ضروری ہے؟

(A) مقالہ کے آخر میں
(B) ہر باب کے آخر میں
(C) ہرصفحہ کے نیچے
(D) یہ سارے درست ہیں

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کس کام کو تحقیق میں شامل سمجھا جاتا ہے؟

(A) کتاب کی اشاعت
(B) کتاب کی جمع وترتیب
(C) کتاب کی تصنیف
(D) ان میں سے کوئی نہیں

CODE : 54

6۔ اسلامیات کے موضوع پر تحقیق کی نوعیت عموماً کیا ہوتی ہے ؟

(A) تاریخی وتجزیاتی
(B) میدانی وعملی
(C) تدوینی وترتیبی
(D) نظرثانی وتصحیحی

7۔ ہندوستان میں اسلامک اسٹڈیز کا سب سے قدیم شعبہ کون ہے؟

(A) عثمانیہ یونیورسٹی کا شعبہ
(B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا شعبہ
(C) کشمیر یونیورسٹی کا شعبہ
(D) جامعہ ملیہ اسلامیہ کا شعبہ

8۔ سماجی علوم میں تحقیق کے لئے ضروری ہے کہ؟

(A) کسی نظریہ کی تائید میں دلائل فراہم کیے جائے
(B) کسی نظریہ کی تردید میں دلائل فراہم کیے جائیں
(C) کسی نئے نظریہ کی تخلیق کی جائے
(D) کسی نظریہ کا بہترین تجزیہ کیا جائے

9۔ تحقیق میں حواشی اور حوالے کیا حیثیت رکھتے ہیں؟

(A) ضروری نہیں ہیں
(B) بسا اوقات ضروری ہیں
(C) لازمی اور ضروری ہیں
(D) اختیاری ہیں

10۔ کسی تاریخی واقعہ کی تحقیق میں کون سا حوالہ بنیادی مصدر قرار پائے گا؟

i۔ بعد کے دور میں لکھی گئی کوئی مستند کتاب
ii۔ دورحاضر میں پیش کی گئی تحقیق
iii۔ واقعہ کے وقت کی تحریر
iv۔ صاحب واقعہ کی بات

(A) ii،i
(B) iv،iii
(C) صرف iii
(D) صرف iv

CODE : 54

11۔ ان میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) تحقیق مفروضات کو ثابت کرتی ہے

(B) مفروضات کی جانچ تحقیق کا نتیجہ ہوتی ہے

(C) مفروضات کا تحقیق سے بنیادی تعلق نہیں ہوتا ہے۔

(D) تحقیق مفروضات کو رد کر دیتا ہے

12۔ تحقیق میں کسی نظریہ کا جائزہ لینا کیا کہلاتا ہے؟

(A) مقداری تحقیق

(B) معیاری تحقیق

(C) تاریخی تحقیق

(D) تجزیاتی تحقیق

13۔ ان میں سے درست بیان کی نشاندہی کیجئے؟

(A) تصوف کا موضوع ابتدائے اسلام میں موجود نہیں تھا

(B) فلسفہ کا موضوع اسلام میں درآمد شدہ ہے

(C) اسماء الرجال فن حدیث کا ایک موضوع ہے

(D) سارے درست ہیں

14۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر تحقیق کی شدید ضرورت ہے

(B) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر اہل مغرب نے بہت تحقیق کی ہے

(C) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر مسلمانوں نے کافی تحقیق کی ہے

(D) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر تحقیق، وقت کا علمی تقاضا ہے

15۔ ذیل میں سے کون صحیح ہے؟

(A) حدیث قرآن کی شرح ہے

(B) اجتہاد کی بنیاد قرآن ہے

(C) حدیث کا متن قرآن ہے

(D) تینوں صحیح ہیں

16۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) مسلم سماج میں تحقیق پر پوری توجہ دی جاتی ہے

(B) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر تحقیق کی ضرورت اب بہت کم رہ گئی ہے

(C) ہندوستانی یونیورسٹیز میں اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر تحقیق کی رفتار و معیار اطمینان بخش ہیں

(D) علمی ترقی کے لیے تحقیق پر بھرپور توجہ کی ضرورت ہے

CODE : 54

17۔ تحقیق میں ببلیوگرافی کی کیا حیثیت ہے؟

(A) اختیاری ہے
(B) ضروری نہیں ہے
(C) لازمی اور ضروری ہے
(D) بسا اوقات ضروری ہے

18۔ اگر ریسرچ اسکالر کسی مصنف کی رائے سے اختلاف رکھتا ہو تو اس کے لئے کون سا رویہ درست ہے؟

(A) اس مصنف سے استفادہ نہ کرے
(B) اس مصنف کا حوالہ دینے سے گریز کرے
(C) اس مصنف سے اپنے اختلاف کا ذکر کرے
(D) یہ سارے

19۔ مشہور مطبع منشی نول کشور کس شہر میں قائم ہوا تھا

(A) لاہور
(B) دہلی
(C) لکھنؤ
(D) بمبی

20۔ ان میں سے بے جوڑ کی نشاندہی کیجئے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز۔ مستشرقین
(B) عبدالقادر جیلانی۔ فقہ اسلامی
(C) بابا فرید۔ سکھ مت
(D) فلسفہ۔ بحرین

21۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) قرآن کی نزولی ترتیب موجودہ ترتیب سے الگ ہے۔
(B) قرآن مستند ہے، جبکہ حدیث مستند نہیں ہے۔
(C) قرآن کے پاروں اور رکوع کی تقسیم بعد کی پیداوار ہے۔
(D) قرآن کا ترجمہ قرآن سے علاحدہ تصور کیا جاتا ہے۔

22۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) فقہی کتابیں کتب حدیث سے پہلے لکھی گئیں
(B) کتب حدیث فقہی کتابوں سے پہلے لکھی گئیں
(C) محدثین نے فقہی کتابیں لکھیں
(D) فقہی کتابیں فقہی مسالک کے بعد لکھی گئیں

CODE : 54

23۔ مندرجہ ذیل میں صحیح جوڑ کیا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | ابومنصور ماتریدی | a. | مقالات الاسلامیین |
| 2. | ابوالحسن اشعری | b. | کتاب المقالات |
| 3. | امام فخرالدین رازی | c. | المنقذ من الضلال |
| 4. | امام غزالی | d. | مطالب عالیہ |

(A) b-1، 2-a، 4-c اور d-3

(B) a-1، c-2، b-3 اور d-4

(C) a-1، b-2، c-3 اور d-4

(D) d-1، c-2، 3-b اور a-4

24۔ عصر حاضر کے نئے مسائل کے فقہی حل میں زیادہ مفید منہج ہے؟

(A) اجتماعی اجتہاد

(B) فقہی مسلک کے دائرہ میں اجتہاد

(C) فقہ مقارن سے استفادہ

(D) ان میں کوئی نہیں

25۔ ان میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) فقہ، قرآن سے الگ ہے

(B) اسلامی قانون جامد ہے

(C) قرآن، حدیث کے بغیر نامکمل ہے

(D) صرف قرآن کافی ہے

**Section -II (Islamic Studeis)**

26۔ الاصابه فی تمییز الصحابه کی تدوین واشاعت پہلی بار کس مستشرق نے انجام دی؟

(A) گولڈزیہر

(B) شاخت

(C) اسپرنگر

(D) آرتھر جیفری

CODE : 54

27۔ سلطان جہاں بیگم نے کس ریاست میں حکمرانی کی تھی؟

(A) ریاست رامپور

(B) ریاست بیجاپور

(C) ریاست اودھ

(D) ریاست بھوپال

28۔ 'انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ابوالحسن علی ندوی

(B) شبلی نعمانی

(C) سرسید احمد خاں

(D) ابوالکلام آزاد

29۔ درج ذیل میں صحیح تاریخی ترتیب کیا ہے؟

(A) فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ بنوقریظہ، غزوہ خندق

(B) غزوہ خندق، غزوہ بنوقریظہ، فتح مکہ، غزوہ حنین

(C) غزوہ حنین، فتح مکہ، غزوہ بنوقریظہ، غزوہ خندق

(D) غزوہ بنوقریظہ، غزوہ خندق، غزوہ حنین، فتح مکہ

30۔ ان میں صحیح جوڑ لگاتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. | عبداللہ بن مسعود | a. | حلال وحرام |
| ii. | معاذ بن جبل | b. | قراءت قرآن |
| iii. | حذیفہ بن یمان | c. | عدل وقضاء |
| iv. | علی بن ابی طالب | d. | رازدارانہ امور |

(A) i-b اور iii-d

(B) i-a اور iii-d

(C) ii-b اور iii-c

(D) ii-c اور iv-d

31۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) امام محمد، امام مالک کے شاگرد ہیں

(B) امام احمد، امام شافعی کے شاگرد ہیں

(C) امام محمد، امام ابوحنیفہ کے شاگرد ہیں

(D) امام احمد، امام مالک کے شاگرد ہیں

CODE : 54

32۔ ذیل میں سے کون رسالہ مولانا آزاد کا جاری کردہ نہیں ہے؟

(A) الہلال

(B) البلاغ

(C) المصباح

(D) التذکرہ

33۔ تاریخ فیروز شاہی کے مصنف کون ہیں؟

(A) سراج عفیف

(B) فیروز شاہ

(C) تاتار خاں

(D) منہاج سراج

34۔ ابن بطوطہ کس سلطان کے دربار میں ہندوستان میں آیا تھا؟

(A) قطب الدین ایبک

(B) شمس الدین التمش

(C) علاء الدین خلجی

(D) محمد تغلق

35۔ شیخ احمد سرہندی کو کس بادشاہ نے جیل میں قید کروایا تھا؟

(A) محمد اکبر

(B) جہانگیر

(C) شاہجہاں

(D) ان میں سے کوئی نہیں

36۔ ذیل میں سے کون سی کتاب شیخ حارث محاسبی کی تصنیف ہے؟

(A) آداب المریدین

(B) غنیۃ الطالبین

(C) ہدیۃ العارفین

(D) رسالۃ المسترشدین

37۔ 'مذاہب التفسیر الاسلامی' کس مستشرق کی کتاب ہے؟

(A) شاخت

(B) گولڈزیہر

(C) نولڈیکے

(D) آرتھر جیفری

38۔ شاہ ولی اللہ کے مطابق مضامین قرآن کی تعداد کتنی ہے ؟

(A) چھ
(B) چار
(C) پانچ
(D) سات

39۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) حدیث کی کتابت عہد نبوی میں ہوئی
(B) حدیث کی تدوین عہد تابعین میں انجام پائی
(C) حدیث کی اسناد عہد صحابہ میں شروع ہوئی
(D) حدیث کی روایت عہد صحابہ میں شروع ہوئی

40۔ خواجہ گیسو دراز نے تصوف کی کس کتاب کی فارسی شرح لکھی ہے؟

(A) الرعایہ لحقوق اللہ
(C) رسالہ قشیریہ
(C) احیاء علوم الدین
(D) فتوح الغیب

41۔ سنوسی تحریک افریقہ کے کس ملک میں قائم ہوئی ؟

(A) لیبیا
(B) مراکش
(C) سوڈان
(D) مصر

42 ۔ شیخ بدیع الزماں ان میں سے کس تحریک کے بانی ہیں؟

(A) النہضۃ
(B) نورسی
(C) سنوسی
(D) تیجانی

43۔ تحریک الاخوان المسلمون کس سنہ میں قائم ہوئی ؟

(A) 1900
(B) 1918
(C) 1928
(D) 1925

44۔ یوروپین افتا کونسل کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

(A) آئرلینڈ
(B) برطانیہ
(C) جرمنی
(D) فرانس

45۔ ان میں سے کون سی مسلم دنیا کی بڑی سائنسی وثقافتی تنظیم ہے؟

(A) رابطہ عالم اسلامی
(B) اسلامی تعاون کانفرنس
(C) ایسسکو
(D) آئی آئی آئی ٹی

46۔ فقہ جعفریہ بارہ اماموں میں سے کس امام سے منسوب ہے؟

(A) پانچویں امام
(B) چھٹے امام
(C) تیسرے امام
(D) ساتویں امام

47۔ 'شرائع الاسلام' کس فقہی مسلک کی معروف کتاب ہے؟

(A) فقہ امامی
(B) فقہ اباضی
(C) فقہ حنبلی
(D) فقہ مالکی

48۔ موطا کی شرح 'المسوی' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شاہ ولی اللہ
(B) شاہ عبدالعزیز
(C) ابو یوسف
(D) ابن سحنون

49۔ ابن الجوزی کا تعلق کس شہر سے ہے؟

(A) کوفہ
(B) شام
(C) بغداد
(D) بصرہ

CODE : 54

50۔ ان میں سے صحیح تاریخی ترتیب کیا ہے؟

I۔ابن الجوزی۔عزالدین۔احمد سرہندی۔ولی اللہ

II۔عزالدین۔ابن الجوزی۔احمد سرہندی۔ولی اللہ

III۔احمد سرہندی۔عزالدین۔ابن الجوزی۔ولی اللہ

IV۔ولی اللہ۔عزالدین۔ابن الجوزی۔احمد سرہندی

(A) I

(B) II

(C) III

(D) IV

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

چاروں سوالات کے جواب لکھیے: **(4 X 5 = 20 marks)**

### (Research Methodology)

1۔ تحقیق میں مقاصد اور سابقہ کاموں کے جائزہ کی کیا اہمیت ہے؟ روشنی ڈال لیے۔

2۔ تحقیق میں حوالہ جات درج کرنے کے مستند طریقے کیا ہیں، اور کتابیات کی کیا صورت ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

### Subject (Islamic Studies)

3۔ موجودہ وقت میں اسلامک اسٹڈیز کے میدان میں تحقیق اور تصنیف کی صورت حال کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

4۔ حدیث کی تدوین کے عہد بہ عہد ارتقا کے جائزہ پر گفتگو کیجئے۔

☆☆☆

## Rough Work